4823CH15


15

# ہماری رنگا رنگ تہذیب


ہمارا ملک ہندوستان بہت بڑا ملک ہے۔ یہاں ہر مذہب کے ماننے والے لوگ مِل جُل کر رہتے ہیں۔ سب کے الگ الگ اپنے رسم ورَواج ہیں، الگ تہذیب ہے اور سب کے مختلف مذہبی تہوار ہیں۔ لوگ انھیں اپنے اپنے طریقے سے مناتے ہیں۔ یہ ایک ایسے باغ کی طرح ہے، جہاں رنگ برنگے پھول اپنی بہار دکھا رہے ہیں۔ اپنی اسی رنگا رنگی کی وجہ سے ہندوستان ساری دنیا میں مشہور ہے۔ یہاں کے لباس، یہاں کے کھانے اور یہاں کے رسم ورواج دنیا بھر کے لوگوں کو اپنی طرف کھینچتے ہیں۔



ہمارے ملک میں ہندو، مسلم، سکھ اور عیسائی سب بھائی بھائی کی طرح رہتے ہیں۔ ایک دوسرے کے تہواروں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیتے ہیں۔ کچھ تہوار ایسے ہیں جنھیں سبھی مذہب کے لوگ ایک ساتھ مل کر مناتے ہیں۔ ایسے تہواروں کو قومی تہوار کہا جاتا ہے۔ جیسے یومِ آزادی اور یومِ جمہوریہ۔ ان کے علاوہ کچھ مذہبی تہوار بھی ہیں۔ ہر مذہب کے ماننے والے انھیں اپنے اپنے طریقے سے مناتے ہیں۔ جیسے ہندو مذہب میں دیوالی، دسہرا اور ہولی بہت اہم تہوار ہیں۔ انھیں بڑی دھوم دھام سے منایا جاتا ہے۔ مسلمانوں کے دو تہوار بہت اہم اور مشہور ہیں۔ عید اور بقرعید۔ ان دونوں تہواروں سے آپسی میل محبت



© NCERT not to be republished



اور قربانی کا جذبہ ظاہر ہوتا ہے۔ عیسائیوں کا سب سے بڑا تہوار کرسمس ہے۔ ان کے علاوہ سکھوں کا گرونانک جینتی، جینیوں کا مہاویر جینتی اور بودّھوں کا بدّھ پورنیما مشہور تہوار ہیں۔ ہندوستان میں بہت سے علاقائی تہوار بھی منائے جاتے ہیں جیسے بیساکھی، بیہو، پونگل وغیرہ، جن کی اپنی الگ اہمیت ہے۔



تہوار چاہے کسی مذہب کے ہوں، سب کا پیغام ایک ہوتا ہے۔ سارے ہی تہوار آپسی محبت، امن، خوشی اور بھائی چارے کا پیغام دیتے ہیں اور ہمارے ملک کی رنگا رنگ تہذیب کو ظاہر کرتے ہیں۔





# مشق

I پڑھیے اور سمجھیے:

| | | |
|---|---|---|
| رنگا رنگ | : | رنگ برنگی، طرح طرح کی |
| تہذیب | : | رہن سہن، زندگی گزارنے کا ڈھنگ |
| لباس | : | پوشاک، کپڑے |
| یوم | : | دن |
| یومِ آزادی | : | آزادی کا دن مراد 15 اگست |
| جمہوریہ | : | وہ ملک جہاں عوام کی حکومت ہو |
| یومِ جمہوریہ | : | 26 جنوری |
| اہم | : | خاص |
| قربانی | : | تیاگ، اپنے سے زیادہ دوسروں کی ضرورت کا خیال رکھنا |
| جذبہ | : | لگن، جوش |
| علاقائی تہوار | : | وہ تہوار جو کسی خاص علاقے میں منائے جاتے ہیں |
| وغیرہ | : | بتائی ہوئی چیزوں کے سوا کچھ اور |
| پیغام | : | سندیسا |
| امن | : | سکون، شانتی |
| ظاہر کرنا | : | بیان کرنا، بتانا |

II سوچیے اور بتائیے:

1۔ ہندوستان کو ایک باغ کیوں کہا جاتا ہے؟



© NCERT not to be republished

2۔ ہندوستان کی کون سی چیزیں دنیا بھر کے لوگوں کو اپنی طرف کھینچتی ہیں؟

3۔ قومی تہوار کون کون سے ہیں؟

4۔ کچھ علاقائی تہواروں کے نام بتائیے۔

5۔ تہواروں سے کیا پیغام ملتا ہے؟

## III غور کیجیے:

'یومِ آزادی' اس لفظ میں یوم کے آخری حرف 'م' کے نیچے جو زیر لگایا گیا ہے، اس کے معنی ہیں 'کا' یعنی آزادی کا یوم۔ مطلب ہوا آزادی کا دن۔

آپ بھی اس مثال کے مطابق زیر لگا کر الفاظ بنائیے:

دل کا حال ..................................

خدا کا خوف ..................................

کشمیر کا باغ ..................................

جگر کا داغ ..................................

## IV نیچے دیے گئے الفاظ کی مدد سے خالی جگہیں بھریئے:

رنگ برنگے طرف لباس باغ مشہور رنگا رنگی دنیا بہار

یہ ایک ایسے ............... کی طرح ہے، جہاں ............. پھول اپنی ............... دکھا رہے ہیں۔ اپنی اسی ............... کی وجہ سے ہندوستان ساری دنیا میں ............... ہے۔ یہاں کے ..................، یہاں کے کھانے، یہاں کے رسم ورواج ............... بھر کے لوگوں کو اپنی ............... کھینچتے ہیں۔

## V نیچے دیے گئے لفظوں کے مُتضاد لکھیے:

خاص باہر محبت بڑا پھول آزادی خوشی



© NCERT not to be republished

## VI جوڑ ملائیے:

| الف | ب |
|---|---|
| عید | جین |
| ہولی | مسلمان |
| مہاویر جینتی | سکھ |
| بودّھ پورنیما | ہندو |
| گرونانک جینتی | بودّھ |

## VII ان جملوں کو غور سے پڑھیے:

1۔ ہمارا ملک ہندوستان بہت بڑا ملک ہے۔

2۔ ہر مذہب کے ماننے والوں کی الگ الگ تہذیب ہے۔

یہاں پہلے جملے میں 'ملک' مُذکّر ہے اور دوسرے جملے میں 'تہذیب' مؤنّث ہے۔

☜ اسی طرح نیچے دیے ہوئے لفظوں میں مُذکّر اور مؤنّث الگ الگ کرکے لکھیے۔

دنیا لباس کھانا تہوار رسم پھول بہار خوشی

## VIII بلند آواز سے پڑھیے اور خوش خط لکھیے:

رنگارنگ وغیرہ شریک رسم ورواج مشہور قربانی پیغام یومِ جمہوریہ

© NCERT not to be republished